

سفارشات برائے کاشتکاران

یکم تا 15 جون 2021

ملک محمد اکرم، ناظم اعلیٰ زراعت (اصلاحِ آبپاشی) پنجاب

- کپاس کی بذریعہ ڈرل کاشتہ فصل کی پہلی آبپاشی بوائی کے 30 تا 35 دن بعد اور بقیہ 12 تا 15 دن کے وقفے سے کریں جبکہ پٹڑیوں پر کاشت کے لیے بوائی کے بعد پہلا پانی 3 تا 4 دن، دوسرا، تیسرا اور چوتھا پانی 6 تا 9 دن کے وقفے سے کریں اور بقیہ پانی 15 دن کے وقفہ سے لگائیں۔
- امرود کے باغات کو جون کے مہینے میں ایک سالہ پودے کو 5 لٹر فی پودا فی دن اور چار سال کی عمر والے یا اس سے زیادہ عمر والے پودوں کو 9 لٹر فی پودا فی دن پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ واضح رہے کہ ڈرپ نظامِ آبپاشی کی مدد سے پودوں کی ضرورت کے مطابق سائنسی بنیادوں پر آبپاشی کے جدول تیار کیے جاتے ہیں۔

- کینو کے باغات کو جون کے مہینے میں ایک سال کے پودوں کو 24 لٹر فی پودا فی دن، دو سال کے پودوں کو 34 لٹر فی پودا فی دن، تین سال کے پودوں کو 52 لٹر فی پودا فی دن، چار سال کے پودوں کو 82 لٹر فی پودا فی دن اور 5 سال یا اس سے زائد عمر کے پودوں کو 137 لٹر فی پودا فی دن پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ واضح رہے کہ پودوں کو پانی کی ضرورت کا انحصار پودوں کی اقسام، آب و ہوا اور موسمی صورتحال پر ہوتا ہے۔
- دھان کی پنیری کی منتقلی کے وقت کھیت میں پانی کی مناسب مقدار رکھنا انتہائی ضروری ہے کیونکہ کھیت میں پانی کی زیادتی کی صورت میں پودے تیز ہوا کو برداشت نہیں کر پاتے اور اکھڑ جاتے ہیں جبکہ پانی کی کمی کی صورت میں پودے گرمی کو برداشت نہیں کر پاتے اور مرجھانا شروع کر دیتے ہیں۔ لہٰذا دھان کی پنیری کی منتقلی کے وقت کھیت میں پانی کی گہرائی ایک تا ڈیڑھ انچ رکھیں۔

- ڈائریکٹ سیڈڈ رائس (DSR) کی کاشت کی صورت میں دھان کی فصل کو 5 تا 7 دن بعد پانی لگائیں اگر کاشت خشک زمین میں کی گئی ہو تو فصل کی کاشت کے فوراً بعد پانی ضرور لگائیں۔
- باجرہ موسم گرما کا انتہائی اہم چارہ ہے۔ نہری علاقوں میں پہلا پانی کاشت کے تین ہفتوں بعد لگائیں۔ کم اُگاؤ کی صورت میں پانی پہلے لگانا زیادہ مفید ہو سکتا ہے۔ واضح رہے کہ باجرے کی فصل سیم زدہ حالات برداشت نہیں کر سکتی۔ لہٰذا برسات کے دنوں میں فصل میں زیادہ پانی کھڑا نہ ہونے دیں۔
- ڈرپ نظامِ آبپاشی سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہونے کے لیے گریول فلٹر کی دیکھ بھال بہت ضروری ہے۔ وقت کے ساتھ ساتھ پانی میں موجود کثافتیں ریت کے اندر جمع ہو جاتی ہیں اور سینڈ بیڈ (Sand Bed) میں موجود سوراخوں کو بند کر دیتی ہیں جس سے فلٹر کی کارکردگی متاثر ہوتی ہے۔ سینڈ فلٹر کی وقتاً فوقتاً صفائی (Back Washing) انتہائی ضروری ہے۔ بیک واشنگ ایک ایسا طریقہ کار ہے جس میں پانی کے بہاؤ کا رخ الٹا ہو جاتا ہے۔ سینڈ بیڈ (Sand Bed) اوپر اٹھتی ہے اور پھیل جاتی ہے تاکہ جمع شدہ کثافتوں کو نکال سکے۔ اس کے بعد آلودگی بیک واشنگ والو (Back Washing Valve) کے ذریعے نکل جاتی ہے۔
- فصلوں کی آبپاشی ضرورت کے مطابق موسمی پیش گوئی کو مدِنظر رکھتے ہوئے کریں۔ بارش کے دنوں میں نشیبی زمینوں میں فصلوں کی آبپاشی میں خصوصی احتیاط کریں۔
- فصلات کی آبپاشی سے متعلق کسی بھی قسم کی معلومات/شکایت کی صورت میں شعبہ اصلاحِ آبپاشی کے عملے سے رابطہ کریں۔